Lambeth

عام کاروباری ادارے دوبارہ کھولنے کے لیئِے قواعد کی فہرست

یہ چیک لسٹ (قواعد کی فہرست) آپ کو لاک ڈاؤن کی سختی میں مرحلہ وار کمی کے دوران حکومتی مشوروں پر عمل درآمد کرنے میں مدد کرنے کے لیئے تیار کی گئی ہے. یہ ضروری ہے کہ آپ اپنی جگہ ملازمت کو کووِڈ 19 کے حوالے سے اپنے آپ کو، اپنے عملے اور آپ کے ہاں آنے والے ہر شخص (جیسے کہ گاہک، ٹھیکیدار، ترسیلی عملہ وغیرہ) کے لیئے محفوظ بنائیں.

		اقدامات / تبصرات
.1	یہ آپ کی ذمہ داری ہے کہ آپ اپنے کاروباری ادارے کے لیئِے خطرات کا تجزیہ کریں تاکہ آپ اپنے آپ کو، اپنے ملازمین اور گاہکوں کو وبائی جراثیم کے خطرات سے بچائیں. لیمبتھ کونسل کی ویب سائٹ پر رسک اسسمنٹ ٹیمپلیٹ (یعنی خطرات کا تجزیہ کرنے کے لیئِے سانچہ) دستیاب ہے. آپ کو اپنے عملے کو کسی بھی تبدیلی کے بارے میں آگاہی کرنا ہوگی اور انہیں کسی بھی نئے طریقہ کار کی تربیت دینا ہوگی.	
.2	عملے کا تحفظ اور تربیت اس امر کا تعین کریں کہ عملے کے افراد کام کے لیئِے صحت مند ہیں اور کووِڈ 19 کی علامات / آثار ظاہر نہیں کررہے ہیں جس میں درج ذیل شامل ہوسکتے ہیں: a. معمول سے زیادہ درجہ حرارت b. نئی، مسلسل کھانسی c. سونگھنے یا ذائقے کی حس میں خرابی) https://www.nhs.uk/conditions/coronavirus-covid-19/check-if-you-have-coronavirus-symptoms اگر عملے کے افراد میں کوئی علامت پائی جاتی ہو تو انھیں گھر بھیجیں اور انہیں ٹیسٹ کروانے کی تلقین کریں https://www.nhs.uk/conditions/coronavirus-covid-19/testing-and-tracing/get-an-antigen-test-to-check-if-you-have-coronavirus عملے کو لاحق خطرات کا تجزیہ کروائیں. عملے کے جو افراد کمزور ہوں اُن کے گھر سے کام کرنے کا اہتمام کرنے پر غور کریں (کمزور سے کیا مراد ہے درج ذیل ملاحظہ کریں) https://www.gov.uk/government/publications/staying-alert-and-safe-social-distancing/staying-alert-and-safe-social-distancing#clinically-vulnerable-people	
.3	جگہ ملازمت میں موجود عملے اور گاہکوں کے درمیان 2 میٹر کی دوری کو یقینی بنانے کے لیئِے سوشل ڈسٹنس کے اقدامات کریں a. جگہ ملازمت میں کسی ایک وقت کے دوران گاہکوں کی تعداد کو محدود کریں. اس امر کا تعین کریں کے 2 میٹر کا فاصلہ برقرار رکھنے کے لیئِے آپ کی جگہ ملازمت میں کتنے افراد سما سکتے ہیں، اس پر عمل کریں. b. ادائیگی کے لیئِے قطار بنانے والے گاہکوں میں فاصلہ برقرار رکھنے کے لیئِے فرش پر 2 میٹر کے فاصلے پر ٹیپ یا پینٹ کے نشانات لگائیں. c. جگہ ملازمت میں چاروں طرف پوسٹر لگائیں جو لوگوں کو 2 میٹر دور رہنے کی تلقین کریں https://www.lambeth.gov.uk/coronavirus-covid-19/information-for-b Business d. جہاں کہیں بھی ممکن ہو گاہکوں اور عملے کے افراد، دونوں کے لیئِے اور ترسیلی افراد یعنی ڈلیوری کرنے والوں کے لیئِے جگہ ملازمت کے اندر یکطرفہ چلنے کے راستے بنائیں،	

اگر آپ کی جگہ ملازمت میں چلنے کے راستے 2 میٹر سے کم چوڑے ہوں تو یہ خاص طور پر مفید ہو گا.

e. اگر آپ کے ہاں ایک سے زیادہ داخلی راستے ہیں تو آپ کو ایک داخلی راستہ اور دوسرا باہر نکلنے کا راستہ بنانا چاہئے.

f. f. اگر آپ کے ہاں چلنے کے راستے (آئیل) دو میٹر سے کم چوڑے ہیں تو آپ کو شیلف پر سامان لگانے کے وقت ان راستوں کو وقتی طور پر بند کر دینے کی ضرورت ہوگی

g. دکان کے اندر، عملے کو اس امر کو یقینی بنانا ہو گا کہ لوگ قواعد پر عمل کریں

h. کاونٹر کے عملے کی حفاظت کے لئے ایک پرسپیکس سکرین لگانے پر غور کریں

i. اگر آپ کے خطرات کے تجزیے سے پتہ چلتا ہے کہ آپ کا عملہ قریب رہ کر کام کرنے سے گریز نہیں کرسکتا ہے، تو پھر انہیں چہرے کو ڈھانپنے کا سامان فراہم کریں.

j. ادائیگی کے لیئے صرف کنٹیکٹ لیس کارڈ (یعنی بغیر چھونے کے کارڈ کا استعمال) قبول کرنے پر غور کریں

k. اگر گاہک مصروف ترین اوقات کے دوران باہر سے دیکھ نہ سکتے ہوں تو یہ لازمی ہے کہ آپ دکان کے داخلی راستے پر عملے کا ایک فرد کھڑا کریں جو گاہکوں کو بتاسکے کہ داخلے کے لئے کب محفوظ ہے

l. باہر قطار میں موجود گاہکوں کے لئے 2 میٹر کا فاصلہ ظاہر کرنے کے لئے جہاں بھی ممکن ہو فرش یا دیوار پر نشان لگائیں

m. اس امر کے بارے میں بھی سوچیئے کہ آپ کے گاہکوں کی قطار ساتھ والی دکانوں کی قطار کے قریب ہو سکتی ہے اور اس سے بچنے کے طریقوں پر غور کریں

4. صفائی اور جراثیم کشی

a. اس امر کی پڑتال کریں کہ آیا آپ کا عملہ اپنے ہاتھوں کو اچھی طرح اور بار بار دھو رہا ہے اور یہ کہ کیا وہ جانتے ہیں کہ یہ کس طرح کرنا ہے
https://www.youtube.com/watch?v=x3v521MTjio&feature=youtube

b. ہاتھ دھونے والے بیسن کو دن بھر اچھی طرح سے جراثیم کُش مادوں سے صاف کریں، وافر مقدار میں صابن اور کاغذ کے تولیے فراہم کریں

c. عملے کو بتایا جانا چاہئے کہ چھینک اور کھانسی کی صورت میں صرف ایک دفع استعمال کیئے جانے والے ٹشو کا استعمال کیا جانا چاہئے اور اس کے بعد ہاتھ اچھی طرح سے دھونے چاہیں.

d. داخلی راستوں پر گاہکوں اور عملے کے استعمال کے لئے ہینڈ سینیٹائزرز (60٪ سے زیادہ الکحل) فراہم کریں

e. پورے دن کے دوران ہاتھ لگنے والی تمام جگہوں (شاپنگ باسکٹ / ٹرالی ہینڈلز، دروازوں کے ہینڈل، داخلی دروازے، کریڈٹ کارڈ مشینیں، روشنی کے بٹن وغیرہ) کو جراثیم کُش مادوں سے اچھی طرح سے صاف کیا جانا چاہئے.

f. جہاں ممکن ہو ہاتھوں سے چھونے کے عمل کو کم سے کم کرنے کے لیئے دروازوں کو کھلا رکھنے (آگ سے فرار کے دروازوں کے سوا) کے لیئے اقدامات کریں.

5. جگہ ملازمت میں تحفظ

اگر آپ کی جگہ ملازمت کو کچھ عرصہ کے لئے بند کردیا گیا تھا تو، آپ کو اس امر کی پڑتال کرنا ہوگی کہ آپ کے نظام اور سامان صحیح طریقے سے کام کر رہے ہیں:

a. آپ کے ہاں گیس کی مرکزی فراہمی – اس سے کسی منسلک شدہ سامان و آلات کا معائنہ کریں اور یہ کہ کہیں گیس کی بدبو نہ آ رہی ہو.

b. آگ لگنے کی صورت میں باہر نکلنے کے مخصوص راستے – باہر نکلنے کے راستوں کو رکاوٹوں سے پاک رکھیں، آگ کے الارم اور آگ بجھانے والے آلات کی جانچ پڑتال کریں

c. کیڑوں اور چوہوں پر قابو- جگہ ملازمت کے اندرونی اور بیرونی حصوں کا معائنہ کریں کہ وہاں کیڑے مکوڑوں یا چوہوں کی موجودگی تو نہیں. اگر ہو تو ان پر قابو پانے والے ادارے کو فون کریں.

	u. پی – پی کے نظام سے پُرانے پانی کو نکالنے کے لیئے نلکوں کو کھولیں	

میں نے اس امر کو یقینی بنانے کے لئے کہ میری جگہ ملازمت کووڈ 19 سے محفوظ ہے مندرجہ بالا جانچ پڑتال کی ہے.

دستخط .... ادارے میں عہدہ ....تاریخ

حکومت نے محفوظ طریقے سے کام کرنے کے لئے رہنمائی کی ہدایات تیار کی ہیں. مزید معلومات کے لیئے درج ذیل ملاحظہ کیجئے :
https://www.gov.uk/guidance/working-safely-during-coronavirus-covid-19

فوڈ، ہیلتھ اینڈ سیفٹی ٹیم سے اس ای میل پتہ پر رابطہ کریں: foodhealthandsafety@lambeth.gov.uk